سوال

(212) عقد نکاح کے بعد اگر لمبی مدت تک رخصتی نہ ہو

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں کینیڈا میں ملازمت کرتا ہوں اور اس سال میں اپنے مادری وطن پاکستان گیا تو شادی کی لیکن کچھ ناگزیر اسباب کی بناء پر یہ شادی مکمل نہ ہوسکی (یعنی رخصتی نہ ہوئی) ہم نے دوسرے دن عقد نکاح کا ولیمہ بھی کیا اور پھر میں اپنی ملازمت کی وجہ سے کینیڈا واپس آگیا۔

اب مجھے کینیڈا آئے ہوئے چھ ماہ ہوچکے ہیں اور ابھی تک بیوی کا ویزہ نہیں مل سکا مجھے ایک دوست نے بتایا کہ میری شادی ختم ہوچکی ہے کیونکہ عقد نکاح کو چھ ماہ سے بھی زیادہ گزر چکے ہیں اور ابھی تک شادی مکمل نہیں ہوئی تو کیا اس کی یہ بات صحیح ہے اور کیا جب میری بیوی کینیڈا آئے تو ہمیں تجدید نکاح کرانا ہوگا؟ مجھے جلدی جواب دیں کیونکہ عنقریب میری بیوی کینیڈا پہنچنے والی ہے شکریہ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب عقد نکاح شرعی شروط کے ساتھ کیا جائے تو وہ نکاح صحیح ہے اور اپنی اصل پر باقی رہتا ہے آپ کے لاعلم دوست کی یہ بات کہ چھ ماہ تک اگر نہ ملا جائے تو نکاح فاسد ہوجاتا ہے۔ غلط ہے۔ اگر آپ نے اس کی بات کو برحق مانا ہے تو اس حالت میں آپ پر ضروری ہے کہ آپ اپنے دوست کو نصیحت کریں کہ وہ بغیر علم کے کسی کو بھی فتوے نہ دیتا پھرے۔

البتہ اگر وہ آپ کو یہ نصیحت کرتا کہ اپنی بیوی کو بغیر محرم کے سفر نہ کرانا بلکہ کینیڈا آنے کے لیے اس کے ساتھ کوئی محرم ضرور ہو تو یہ بات اس کے لیے بہت اچھی اور بہتر تھی۔

ہم اللہ تعالی سے دعاگو ہیں کہ وہ آپ کو توفیق عطا فرمائے اور آپ کی شادی میں برکت کرے اور سعادت سے نوازے اور اللہ تعالی ہمارے نبی کریم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

محدث فتویٰ